



مینیجر ایم۔ آئی۔ کے ۳۶ فیروز پور روڈ، لاہور نے
مکتبہ جدید پریس، لاہور سے چھپوا کر شائع کیا۔

# راہِ نجات

جیسی کہ کتابِ مُقدّس

سے ظاہر ہے

*

سکرپچر گفٹ مِشن

پوسٹ بکس نمبر ۱۳۷ - لاہور



# راہِ نجات

خُدا کا کلام زِندہ اور مؤثِر اور ہر ایک دو دھاری تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ عبرانیوں ۴: ۱۲

میرا کلام ... بے انجام میرے پاس واپس نہ آئیگا بلکہ جو کچھ میری خواہش ہوگی وہ اُسے پُورا کرے گا اور اُس کام میں جس کے لئے مَیں نے اُسے بھیجا مؤثر ہوگا۔ یسعیاہ ۵۵: ۱۱

تیری باتوں کی تشرِیح نور بخشتی ہے۔ زبور ۱۱۹: ۱۳۰



# دُنیا کی پیدایش

خُدا نے اِبتدا میں زمین و آسمان کو پیدا کیا۔ پیدائش ۱: ۱

سب چیزیں اُس کے وسیلے سے پیدا ہُوئیں اور جو کچھ پیدا ہُوا ہے اُس میں سے کوئی چیز بھی اُس کے بغیر پیدا نہیں ہوئی۔ یُوحنّا ۱: ۳

# اِنسان کی پیدایش

خُدا نے اِنسان کو اپنی صُورت پر پیدا کیا۔ خُدا کی صُورت پر اُس کو پیدا کیا۔ نر و ناری اُن کو پیدا کیا۔ پیدایش ۱: ۲۷

خُداوند خُدا نے زمین کی مٹّی سے اِنسان کو بنایا اور اُس کے نتھنوں میں زِندگی کا دم پھُونکا تو اِنسان جیتی جان ہُوا۔ اور خُداوند

# راہِ نجات

خُدا کا کلام زِندہ اور مؤثر اور ہر ایک دو دھاری تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ عبرانیوں ۴: ۱۲

میرا کلام ... بے انجام میرے پاس واپس نہ آئیگا بلکہ جو کچھ میری خواہش ہوگی وہ اُسے پُورا کرے گا اور اُس کام میں جس کے لئے مَیں نے اُسے بھیجا مُؤثر ہوگا۔ یسعیاہ ۵۵: ۱۱

تیری باتوں کی تشریح نُور بخشتی ہے۔ زبُور ۱۱۹: ۱۳۰



# دُنیا کی پیدایش

خُدا نے اِبتدا میں زمین و آسمان کو پیدا کیا۔ پیدائش ۱: ۱

سب چیزیں اُس کے وسیلے سے پیدا ہُوئیں اور جو کچھ پیدا ہُوا ہے اُس میں سے کوئی چیز بھی اُس کے بغیر پیدا نہیں ہوئی۔ یُوحنّا ۱: ۳

# اِنسان کی پیدایش

خُدا نے اِنسان کو اپنی صُورت پر پیدا کیا۔ خُدا کی صُورت پر اُس کو پیدا کیا۔ نر و ناری اُن کو پیدا کیا۔ پیدایش ۱: ۲۷

خُداوند خُدا نے زمین کی مٹّی سے اِنسان کو بنایا اور اُس کے نتھنوں میں زِندگی کا دم پھُونکا تو اِنسان جیتی جان ہُوا۔ اور خُداوند

خُدا نے مشرِق کی طرف عدؔن میں ایک باغ لگایا اور اِنسان کو جِسے اُس نے بنایا تھا وہاں رکھّا۔ پَیدائش ۲: ۸،۷

اور خُداوند خُدا نے آدؔم کو لے کر باغِ عدؔن میں رکھّا کہ اُس کی باغبانی اور نگہبانی کرے۔ اور خُداوند خُدا نے آدؔم کو حُکم دِیا اور کہا کہ تُو باغ کے ہر درخت کا پھل بے روک ٹوک کھا سکتا ہے لیکن نیک و بد کی پہچان کے درخت کا کبھی نہ کھانا کیونکہ جِس روز تُو نے اُس میں سے کھایا تُو مرا۔ پَیدائش ۲: ۱۵-۱۷

# گُناہ کا دُنیا میں داخِل ہونا

سانپ کُل دشتی جانوروں سے جِن کو خُداوند خُدا نے بنایا تھا چالاک تھا اور اُس نے عَورت سے کہا کیا واقعی خُدا نے کہا ہے کہ باغ کے کِسی درخت کا پھل تُم نہ کھانا؟ عَورت نے سانپ سے



کہا کہ باغ کے درختوں کا پھل تو ہم کھاتے ہیں۔ پر جو درخت باغ کے بیچ میں ہے اُس کے پھل کی بابت خُدا نے کہا ہے کہ تُم نہ تو اُسے کھانا اور نہ چھُونا ورنہ مر جاؤ گے۔ تب سانپ نے عَورت سے کہا کہ تُم ہرگز نہ مرو گے۔ بلکہ خُدا جانتا ہے کہ جِس دِن تُم اُسے کھاؤ گے۔ تُمہاری آنکھیں کھُل جائیں گی اور تُم خُدا کی مانند نیک و بد کے جاننے والے بن جاؤ گے۔ عَورت نے جو دیکھا کہ وہ درخت کھانے کیلئے اچھّا اور آنکھوں کو خُوشنما معلُوم ہوتا ہے اور عقل بخشنے کے لِئے خُوب ہے تو اُس کے پھل میں سے لیا اور کھایا اور اپنے شوہر کو بھی دیا اور اُس نے کھایا۔ پَیدائش ۳: ۱-۶

تب خُداوند خُدا نے عَورت سے کہا کہ تُو نے یہ کیا کِیا؟ عَورت نے کہا کہ سانپ نے مُجھ کو بہکایا تو مَیں نے کھایا۔ اور خُداوند خُدا نے سانپ سے کہا اِس لئے کہ تُو نے یہ کِیا تُو سب چوپایوں اور دشتی

جانوروں میں ملعون ٹھہرا۔ تُو اپنے پیٹ کے بل چلے گا اور اپنی عُمر بھر
خاک چاٹے گا۔ اور مَیں تیرے اور عَورت کے درمیان اور تیری نسل
اور عَورت کی نسل کے درمیان عداوت ڈالوں گا۔ وہ تیرے سر کو کُچلیگا
اور تُو اُس کی ایڑی پر کاٹے گا۔ پھر اُس نے عورت سے کہا کہ مَیں تیرے
دردِ حمل کو بُہت بڑھاؤں گا۔ تُو درد کے ساتھ بچّے جنے گی اور تیری رغبت
اپنے شوہر کی طرف ہو گی۔ اور وہ تجھ پر حکومت کرے گا۔ اور آدؔم سے اُس
نے کہا چُونکہ تُو نے اپنی بیوی کی بات مانی اور اُس درخت کا پھل کھایا
جِس کی بابت مَیں نے تجھے حکم دِیا تھا کہ اُسے نہ کھانا اِس لئے زمین
تیرے سبب سے لعنتی ہُوئی۔ مُشقّت کے ساتھ تُو اپنی عمر بھر اُس کی پَیداوار
کھائے گا۔ اور وہ تیرے لِئے کانٹے اور اُونٹ کٹارے اُگائے گی اور تُو کھیت
کی سبزی کھائے گا تُو اپنے مُنہ کے پسینے کی روٹی کھائے گا۔ جب
تک کہ زمین میں تُو پھر لَوٹ نہ جائے اِس لئے کہ تُو اُس سے نِکالا گیا



ہے کیونکہ تُو خاک ہے اور خاک میں پھر لَوٹ جائے گا۔

پیدائش ۳: ۱۳-۱۹

وہ بڑا اژدہا یعنی وہی پُرانا سانپ جو ابلیس اور شیطان کہلاتا
ہے اور سارے جہان کو گُمراہ کر دیتا ہے۔ مُکاشفہ ۱۲: ۹

ایک آدمی کے سبب سے گُناہ دُنیا میں آیا اور گُناہ کے
سبب سے مَوت آئی اور یُوں مَوت سب آدمیوں میں پھَیل گئی
اِس لئے کہ سب نے گُناہ کیا۔ رومیوں ۵: ۱۲

# خُدا کے سامنے اِنسان کا مُجرم ٹھہرایا جانا

ہم سب بھیڑوں کی مانند بھٹک گئے۔ ہم میں سے ہر ایک
اپنی راہ کو پھرا۔ یسعیاہ ۵۳: ۶

خُداوند نے آسمان پر سے بنی آدم پر نِگاہ کی تا کہ دیکھے کہ کوئی

دانشمند کوئی خدا کا طالب ہے یا نہیں۔ وہ سب کے سب گمراہ ہوئے۔
وہ باہم نجس ہو گئے۔ کوئی نیکوکار نہیں۔ ایک بھی نہیں۔ زبور ۱۴: ۲ و ۳

چنانچہ لکھا ہے کہ کوئی راستباز نہیں۔ ایک بھی نہیں۔ وہ سلامتی کی راہ سے واقف نہ ہوئے۔ اُن کی آنکھوں میں خدا کا خوف نہیں۔ سب نے گناہ کیا اور خدا کے جلال سے محروم ہیں۔ رومیوں ۳: ۱۰، ۱۷، ۱۸، ۲۳

کتابِ مقدس نے سب کو گناہ کا ماتحت کر دیا۔ گلتیوں ۳: ۲۲

# اِنسان سے خدا کی محبّت

خدا نے دنیا سے ایسی محبّت رکھی کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تاکہ جو کوئی اُس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو۔ بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔ یوحنا ۳: ۱۶

جو محبّت خدا کو ہم سے ہے وہ اِس سے ظاہر ہوئی کہ خدا



نے اپنے اکلوتے بیٹے کو دنیا میں بھیجا ہے تاکہ ہم اُس کے سبب سے زندہ رہیں۔ محبّت اِس میں نہیں کہ ہم نے خدا سے محبّت کی بلکہ اِس میں ہے کہ اُس نے ہم سے محبّت کی اور ہمارے گناہوں کے کفارہ کے لئے اپنے بیٹے کو بھیجا۔ ۱۔ یوحنا ۴: ۹ و ۱۰

# دنیا میں یسوع مسیح کی آمد

یہ بات سچ اور ہر طرح سے قبول کرنے کے لائق ہے کہ مسیح یسوع گنہگاروں کو نجات دینے کے لئے دنیا میں آیا۔
۱۔ تیمتھیس ۱: ۱۵

مسیح یسوع . . . انسانوں کے مشابہ ہو گیا۔ فلپیوں ۲: ۵، ۷

وہ دنیا میں تھا اور دنیا اُس کے وسیلے سے پیدا ہوئی۔ اور دنیا نے اُسے نہ پہچانا۔ یوحنا ۱:

## یسوع کی پیدائش

یسوع مسیح کی پیدائش اِس طرح ہُوئی کہ ... جو خُداوند نے نبی کی معرفت کہا تھا وہ پُورا ہو کہ دیکھو ایک کنواری حاملہ ہوگی اور بیٹا جنیگی اور اُس کا نام عمّانوایل رکھیں گے جس کا ترجمہ ہے خُدا ہمارے ساتھ۔ متی ۱: ۱۸، ۲۲، ۲۳

تُو اُس کا نام یسوع رکھنا۔ کیونکہ وُہی اپنے لوگوں کو اُن کے گناہوں سے نجات دے گا۔ متی ۱: ۲۱

## دُنیا میں اُس کی طرزِ زندگی

خُدا نے یسوع ناصری کو رُوح اُلقدس اور قدرت سے ... مسح کیا۔ وہ بھلائی کرتا اور اُن سب کو جو ابلیس کے ہاتھ سے ظُلم اُٹھاتے تھے



شفا دیتا پھرا کیونکہ خُدا اُس کے ساتھ تھا۔ اعمال ۱۰: ۳۸

یسوع سب شہروں اور گاؤں میں پھرتا رہا اور اُن کے عبادت خانوں میں تعلیم دیتا اور بادشاہی کی خوشخبری کی مُنادی کرتا اور ہر طرح کی بیماری اور ہر طرح کی کمزوری دُور کرتا رہا۔ متی ۹: ۳۵

ایک بڑی بھیڑ لنگڑوں۔ اندھوں۔ گونگوں۔ ٹنڈوں اور بُہت سے اَور بیماروں کو اپنے ساتھ لے کر اُس کے پاس آئی اور اُن کو اُس کے پاؤں میں ڈال دیا اور اُس نے اُنہیں اچھا کر دیا۔ متی ۱۵: ۳۰

## یسوع کی موت ہمارے گُناہوں کا کفّارہ

ضرور ہے کہ ابنِ آدم (یسوع مسیح) گنہگاروں کے ہاتھ میں حوالہ کیا جائے اور مصلوب ہو۔ لوقا ۲۴: ۷

جب وہ اُس جگہ پر پہنچے جسے کھوپڑی کہتے ہیں تو وہاں اُسے

مصلوب کیا... یسوع نے کہا اَے باپ۔ اِن کو مُعاف کر کیونکہ یہ
جانتے نہیں کہ کیا کرتے ہیں۔ لُوقا ۲۳ : ۳۴،۳۳

وہ آدمیوں میں حقیر و مردود۔ مرد غمناک اور رنج کا آشنا تھا...
تو بھی اُس نے ہماری مُشقتیں اُٹھا لیں اور ہمارے غموں کو برداشت
کیا۔ پر ہم نے اُسے خدا کا مارا کُوٹا اور ستایا ہؤا سمجھا حالانکہ وہ ہماری
خطاؤں کے سبب سے گھایل کیا گیا اور ہماری بدکرداری کے باعث
کچلا گیا... تاکہ اُسکے مار کھانے سے ہم شفا پائیں۔ ہم سب بھیڑوں کی
مانند بھٹک گئے۔ ہم میں سے ہر ایک اپنی راہ کو پھرا۔ پر خداوند نے
ہم سب کی بدکرداری اُس پر لادی۔ وہ زندوں کی زمین سے کاٹ
ڈالا گیا۔ میرے لوگوں کی خطاؤں کے سبب سے اُس پر مار پڑی۔ اُس
کی قبر بھی شریروں کے درمیان ٹھہرائی گئی اور وہ اپنی موت میں دولتمندوں
کے ساتھ ہؤا حالانکہ اُس نے کسی طرح کا ظُلم نہ کیا اور اُس کے مُنہ



میں ہرگز چھل نہ تھا۔ اُس نے اپنی جان موت کے لئے اُنڈیل دی
اور وہ خطاکاروں کے ساتھ شُمار کیا گیا۔ تو بھی اُس نے بہتوں
کے گُناہ اُٹھا لئے اور خطاکاروں کی شفاعت کی۔

یسعیاہ ۵۳ : ۳-۶ و ۸ و ۹ و ۱۲

مسیح کتابِ مُقدّس کے مطابق ہمارے گُناہوں کے
لئے مؤا۔ ۱-کرنتھیوں ۱۵ : ۳

پس یسوع نے... کہا... اچھا چرواہا مَیں ہُوں۔ اچھا
چرواہا بھیڑوں کے لئے اپنی جان دیتا ہے۔ میری اَور بھی
بھیڑیں ہیں۔ جو اِس بھیڑخانہ کی نہیں۔ مجھے اُن کو بھی لانا ضرور
ہے اَور وُہ میری آواز سُنیں گی۔ پھر ایک ہی گلّہ اور ایک
ہی چرواہا ہوگا۔ یُوحنا ۱۰ : ۷ و ۱۱ و ۱۶

# یسوع کا جی اُٹھنا اور آسمان پر جانا

یُوں لکھا ہے کہ مسیح دُکھ اُٹھائے گا اور تیسرے دِن مُردوں میں سے جی اُٹھے گا۔ اور... سب قوموں میں توبہ اور گناہوں کی مُعافی کی منادی اُسکے نام سے کی جائیگی۔ لُوقا ۲۴: ۴۶، ۴۷

اُس کو خُدا نے تیسرے دِن جِلایا اور ظاہر بھی کر دِیا۔ نہ کہ ساری اُمّت پر بلکہ اُن گواہوں پر جو آگے سے خُدا کے چُنے ہُوئے تھے۔ اعمال ۱۰: ۴۰ و ۴۱

اُس نے دُکھ سہنے کے بعد بُہت سے ثبُوتوں سے اپنے آپ کو اُن پر زِندہ ظاہر بھی کِیا چُنانچہ وہ چالیس دِن تک اُنہیں نظر آتا اور خُدا کی بادشاہی کی باتیں کہتا رہا۔ وہ اُن کے دیکھتے دیکھتے اُوپر اُٹھا لیا گیا۔ اور بدلی نے اُسے اُن کی نظروں سے چھپا لیا۔
اعمال ۱: ۳ و ۹



اِس میں کلام نہیں کہ دینداری کا بھید بڑا ہے یعنی وُہ جو جسم میں ظاہر ہُوا اور رُوح میں راستباز ٹھہرا اور فرشتوں کو دِکھائی دِیا اور غیر قوموں میں اُس کی مُنادی ہوئی اور دُنیا میں اُس پر ایمان لائے اور جلال میں اُوپر اُٹھایا گیا۔ ۱ تیمتھیُس ۳: ۱۶

فی الواقع مسیح مُردوں میں سے جی اُٹھا ہے اور جو سو گئے ہیں اُن میں پہلا پھل ہُوا کیونکہ جب آدمی کے سبب سے مَوت آئی تو آدمی ہی کے سبب سے مُردوں کی قیامت بھی آئی اور جیسے آدم میں سب مَرتے ہیں ویسے ہی مسیح میں سب زِندہ کئے جائیں گے۔

۱۔ کرنتھیوں ۱۵: ۲۰-۲۲

# راہِ نجات

مَیں کیا کروں کہ نجات پاؤں؟... خُداوند یسوع پر ایمان لاتو

تُو... نجات پائے گا۔ اعمال ۱۶: ۳۰، ۳۱

پس تَوبہ کرو اور رجُوع لاؤ تاکہ تُمہارے گُناہ مِٹائے جائیں

اعمال ۳: ۱۹

تَوبہ کرو اور تُم میں سے ہر ایک اپنے گُناہوں کی مُعافی کے لِئے
یِسُوعؔ مسیح کے نام پر بپتسمہ لے تو تُم رُوحُ القُدس اِنعام میں پاؤ گے۔

اعمال ۲: ۳۸

اگر اپنے گُناہوں کا اقرار کریں تو وُہ ہمارے گُناہوں کے معاف
کرنے اور ہمیں ساری ناراستی سے پاک کرنے میں سچّا اور عادِل ہے۔ ۱۔یُوحنّا ۱: ۹

اگر تُو اپنی زبان سے یِسُوعؔ کے خُداوند ہونے کا اِقرار کرے
اور اپنے دِل سے اِیمان لائے کہ خُدا نے اُسے مُردوں میں سے جِلایا
تو نجات پائے گا۔ کیونکہ راستبازی کے لِئے اِیمان لانا دِل سے ہوتا
ہے اور نجات کے لِئے اِقرار مُنہ سے کیا جاتا ہے۔ رومیوں ۱۰: ۹، ۱۰



تُم کو اِیمان کے وسیلہ سے فضل ہی سے نجات مِلی ہے۔ اور یہ
تُمہاری طرف سے نہیں۔ خُدا کی بخشش ہے۔ افسیوں ۲: ۸

کیونکہ جو کوئی خُداوند کا نام لے گا نجات پائے گا۔ رومیوں ۱۰: ۱۳

جو کوئی میرے پاس آئے گا اُسے میں ہرگز نِکال نہ دُوں گا۔

یُوحنّا ۶: ۳۷

ہمیشہ کی زِندگی یہ ہے کہ وہ تُجھ خُدائے واحِد اور برحق کو
اور یِسُوعؔ مسیح کو جِسے تُو نے بھیجا ہے جانیں۔ یُوحنّا ۱۷: ۳

## مسیح کے خُون کے وسیلہ سے مخلصی

تُم جو پہلے دُور تھے اب مسیح یِسُوعؔ میں مسیح کے خُون کے سبب
سے نزدیک ہو گئے ہو۔ افسیوں ۲: ۱۳

اُس کے بیٹے یِسُوعؔ کا خُون ہمیں تمام گُناہ سے پاک

کرتا ہے۔ ۱۔یُوحنا ۱: ۷

باپ کو یہ پسند آیا کہ ساری معموری اُسی میں سکونت کرے اور اُسکے خُون کے سبب سے جو صلیب پر بہا صُلح کرکے سب چیزوں کا اُسی کے وسیلے سے اپنے ساتھ میل کرلے۔ کلسیوں ۱: ۱۹، ۲۰

کیونکہ تُم جانتے ہو کہ... تمہاری خلاصی فانی چیزوں یعنی سونے چاندی کے ذریعہ سے نہیں ہوئی، بلکہ... مسیح کے بیش قیمت خُون سے۔ ۱۔پطرس ۱: ۱۸، ۱۹

ہمکو اُس میں اُسکے خُون کے وسیلے سے مخلصی یعنی قصوروں کی مُعافی اُسکے اُس فضل کی دولت کے مُوافق حاصل ہے۔ افسیوں ۱: ۷

جسم کی جان خُون میں ہے اور مَیں نے مذبح پر تمہاری جانوں کے کفّارہ کیلئے اُسے تم کو دیا ہے کہ اُس سے تمہاری جانوں کیلئے کفّارہ ہو کیونکہ جان رکھنے ہی کے سبب سے خُون کفّارہ دیتا ہے۔ احبار ۱۷: ۱۱



اِس لِئے اگر کوئی مسیح میں ہے تو وہ نیا مخلُوق ہے پُرانی چیزیں جاتی رہیں دیکھو وہ نئی ہوگئیں۔ ۲۔کرنتھیوں ۵: ۱۷

# رُوح القُدس

مَیں باپ سے درخواست کرُوں گا تو وہ تمہیں دُوسرا مددگار بخشے گا کہ ابد تک تمہارے ساتھ رہے یعنی رُوحِ حق جسے دُنیا حاصل نہیں کرسکتی کیونکہ نہ اُسے دیکھتی اور نہ جانتی ہے تُم اُسے جانتے ہو کیونکہ وہ تمہارے ساتھ رہتا ہے اور تمہارے اندر ہوگا۔ یُوحنا ۱۴: ۱۶ و ۱۷

مددگار یعنی رُوح القُدس جسے باپ میرے نام سے بھیجیگا وُہی تمہیں سب باتیں سکھائے گا۔ یُوحنا ۱۴: ۲۶

خُدا کے پاک رُوح کو رنجیدہ نہ کرو جس سے تُم پر مخلصی کے

دِن کے لئے مُہر ہوئی۔ اِفسیوں ۴: ۳۰

رُوح کے مُوافِق چلو تو جسم کی خواہش کو ہرگز پُورا نہ کروگے۔

گلتیوں ۵: ۱۶

اِس لئے کہ جتنے خُدا کے رُوح کی ہدایت سے چلتے ہیں
وُہی خُدا کے بیٹے ہیں۔ رومیوں ۸: ۱۴

رُوح سے معمُور ہوتے جاؤ۔ اِفسیوں ۵: ۱۸

رُوح کا پھل محبّت۔ خُوشی۔ اِطمینان۔ تحمُّل۔ مہربانی۔ نیکی
ایمانداری۔ حلم۔ پرہیزگاری ہے۔ ایسے کاموں کی کوئی شرِیعت
مُخالِف نہیں۔ گلتیوں ۵: ۲۲، ۲۳

## پاکیزگی

خُدا کی مرضی یہ ہے کہ تُم پاک بنو۔ ۱۔ تھسلنیکیوں ۴: ۳



یسُوعؔ نے کہا... کہ اَے باپ.... اُنہیں سچّائی کے وسیلے
سے مقدّس کر۔ تیرا کلام سچّائی ہے۔ یُوحنّا ۱۷: ۱۷

پاک کرنے والا اور پاک ہونے والے سب ایک ہی اصل
سے ہیں۔ اِسی باعث وہ اُنہیں بھائی کہنے سے نہیں شرماتا۔

عبرانیوں ۲: ۱۱

تُم بھی اپنے آپ کو گُناہ کے اِعتبار سے مُردہ مگر خُدا
کے اعتبار سے مسیح یسُوع میں زِندہ سمجھو۔ رومیوں ۶: ۱۱

مگر اب گُناہ سے آزاد اور خُدا کے غُلام ہو کر تُم کو اپنا پھل
مِلا جس سے پاکیزگی حاصل ہوتی ہے اور اِس کا انجام ہمیشہ کی
زِندگی ہے۔ رومیوں ۶: ۲۲

خُدا جو اِطمینان کا چشمہ ہے آپ ہی تُم کو بالکُل پاک کرے
اور تُمہاری رُوح اور جان اور بدن ہمارے خُداوند یسُوعؔ مسیح کے

آنے تک پُورے پُورے اور بے عیب محفوظ رہیں۔ تمہارا بُلانے
والا سچّا ہے وہ ایسا ہی کرے گا۔ ۱تھسلنیکیوں ۵: ۲۳و۲۴

## دُعا

جو کُچھ تُم میرے نام سے چاہو گے مَیں وہی کرُوں گا۔ تاکہ
باپ بیٹے میں جلال پائے۔ اگر میرے نام سے مُجھ سے کُچھ چاہو گے
تو مَیں وہی کرُوں گا۔ یُوحنّا ۱۴: ۱۳و۱۴

اگر تُم مُجھ میں قائم رہو اور میری باتیں تُم میں قائم رہیں تو جو
چاہو مانگو۔ وہ تمہارے لِئے ہو جائیگا۔ یُوحنّا ۱۵: ۷

مانگو تو پاؤ گے تاکہ تمہاری خوشی پُوری ہو جائے۔
یُوحنّا ۱۶: ۲۴

جو کُچھ تُم دُعا میں مانگتے ہو یقین کرو کہ تُم کو مِل گیا اور وہ تُم



کو مِل جائے گا۔ مرقس ۱۱: ۲۴

ہر وقت اور ہر طرح سے رُوح میں دُعا اور مِنّت کرتے
رہو۔ اور اِسی غرض سے جاگتے رہو کہ سب مُقدّسوں کے واسطے
بِلا ناغہ دُعا کیا کرو۔ افسیوں ۶: ۱۸

بِلا ناغہ دُعا کرو۔ ۱تھسلنیکیوں ۵: ۱۷

## خِدمت کرنا اور دُکھ اُٹھانا

یسوعؔ نے ... کہا کہ اگر کوئی میرے پیچھے آنا چاہے۔ تو اپنی
خودی کا اِنکار کرے اور اپنی صلیب اُٹھائے اور میرے پیچھے
ہو لے۔ متی ۱۶: ۲۴

خُدا تُم پر ہر طرح کا فضل کثرت سے کر سکتا ہے تاکہ تُم کو
ہمیشہ ہر چیز کافی طور پر مِلا کرے اور ہر نیک کام کے لِئے تمہارے

پاس بہت کچھ موجود رہا کرے۔ ۲-کرنتھیوں ۹: ۸

ثابت قدم اور قائم رہو اور خداوند کے کام میں ہمیشہ افزائش کرتے رہو کیونکہ یہ جانتے ہو کہ تمہاری محنت خداوند میں بے فائدہ نہیں ہے۔ ۱-کرنتھیوں ۱۵: ۵۸

مسیح کی خاطر تم پر یہ فضل ہُوا کہ نہ فقط اُس پر ایمان لاؤ بلکہ اُس کی خاطر دُکھ بھی سہو۔ فلپیوں ۱: ۲۹

اگر راستبازی کی خاطر دُکھ سہو بھی تو تم مُبارک ہو نہ... ڈرو اور نہ گھبراؤ۔ ۱-پطرس ۳: ۱۴

اگر مسیح کے نام کے سبب سے تمہیں ملامت کی جاتی ہے تو تم مُبارک ہو کیونکہ جلال کا رُوح یعنی خدا کا رُوح تم پر سایہ کرتا ہے۔ ۱-پطرس ۴: ۱۴



# خُدا کی طرف سے بُت پرستی کی ممانعت

خُداوند تیرا خُدا... مَیں ہُوں۔ میرے حضُور تو غیر معبُودوں کو نہ ماننا۔ تُو اپنے لِئے کوئی تراشی ہُوئی مُورت نہ بنانا۔ نہ کسی چیز کی صُورت بنانا جو اُوپر آسمان میں یا نیچے زمین پر یا زمین کے نیچے پانی میں ہے۔ تُو اُن کے آگے سجدہ نہ کرنا اور نہ اُن کی عبادت کرنا کیونکہ مَیں خُداوند تیرا خُدا غیُور خُدا ہُوں۔ خرُوج ۲۰: ۲-۵

قوموں کے سب معبُود محض بُت ہیں۔ لیکن خُداوند نے آسمانوں کو بنایا۔ زبُور ۹۶: ۵

ہم جانتے ہیں کہ بُت دُنیا میں کوئی چیز نہیں اور سِوا ایک کے اور کوئی خُدا نہیں۔ ۱-کرنتھیوں ۸: ۴

ایک ہی خُدا ہے یعنی باپ جس کی طرف سے سب
چیزیں ہیں اور ہم اُسی کے لِئے ہیں اور ایک ہی خُداوند ہے
یعنی یسُوعؔ مسیح جس کے وسیلے سے سب چیزیں موجُود ہُوئیں۔
اور ہم بھی اُسی کے وسیلے سے ہیں۔ ۱۔کرنتھیوں ۸: ۶

یسُوعؔ نے ... کہا اَے شیطان دُور ہو کیونکہ لکھا ہے کہ
تُو خُداوند اپنے خُدا کو سجدہ کر اور صِرف اُسی کی عبادت کر۔
متّی ۴: ۱۰

پس اپنے اُن اعضا کو مُردہ کرو جو زمین پر ہیں۔ یعنی
حرام کاری اور ناپاکی اور شہوت اور بُری خواہش اور لالچ کو
جو بُت پرستی کے برابر ہے کہ اُن ہی کے سبب سے خُدا کا
غضب نافرمانی کے فرزندوں پر نازل ہوتا ہے۔
کُلسیوں ۳: ۵، ۶



# راہِ نجات سے غافل رہنے میں خطرہ

اِتنی بڑی نجات سے غافل رہ کر ہم کیونکر بچ سکتے
ہیں؟ عبرانیوں ۲: ۳

جو بیٹے پر ایمان لاتا ہے ہمیشہ کی زندگی اُس کی ہے
لیکن جو بیٹے کی نہیں مانتا زندگی کو نہ دیکھے گا بلکہ اُس پر خُدا
کا غضب رہتا ہے۔ یُوحنّا ۳: ۳۶

تُمہیں کس نے جتایا کہ آنے والے غضب سے بھاگو؟
لُوقا ۳: ۷

بُزدِلوں اور بے اِیمانوں اور گھنونے لوگوں اور

خُونیوں اور حرام کاروں اور جادُوگروں اور بُت پرستوں
اور سب جھُوٹوں کا حِصّہ آگ اور گندھک سے جلنے والی
جِھیل میں ہوگا۔ یہ دُوسری مَوت ہے۔ مُکاشفہ ۲۱: ۸

## بدی اور شیطان سے چھُٹکارا

خُدا جو اِطمینان کا چشمہ ہے شیطان کو تُمہارے پاؤں
سے جلد کُچلوا دے گا۔ رومیوں ۱۶: ۲۰

باپ کا شکر کرتے رہو... اُسی نے ہم کو تاریکی کے قبضہ
سے چھُڑا کر اپنے عزیز بیٹے کی بادشاہی میں داخل کیا۔
کُلسیوں ۱: ۱۲، ۱۳

خُدا کا بیٹا اِسی لِئے ظاہر ہُوا تھا کہ ابلیس کے کاموں
کو مِٹائے۔ ۱-یُوحنّا ۳: ۸



ہمارے خُداوند یسوع مسیح ... نے ہمارے گُناہوں کے
لِئے اپنے آپ کو دے دیا تاکہ ہمارے خُدا اور باپ کی مرضی
کے موافِق ہمیں اِس موجودہ خراب جہان سے خلاصی بخشے۔
اُس کی تمجید ابدُالآباد ہوتی رہے۔ گلتیوں ۱: ۳، ۴، ۵

خُدا کے سب ہتھیار باندھ لو تاکہ تُم ابلیس کے منصوبوں
کے مقابلہ میں قائم رہ سکو۔ افسیوں ۶: ۱۱

خُدا کا شُکر ہے جو ہمارے خُداوند یسوع مسیح کے
وسیلے سے ہم کو فتح بخشتا ہے۔ ۱-کرنتھیوں ۱۵: ۵۷

## یِسُوع مسیح کی دُوسری آمد

مَیں پھر آکر تُمہیں اپنے ساتھ لے لُوں گا تاکہ جہاں مَیں
ہُوں تُم بھی ہو۔ یُوحنّا ۱۴: ۳

یہی یسوعؔ جو تمہارے پاس سے آسمان پر اُٹھایا گیا
ہے اِسی طرح پھر آئے گا۔ جس طرح تم نے اُسے آسمان پر
جاتے دیکھا ہے۔ اعمال ۱:۱۱

خُداوند خود آسمان سے للکار اور مُقرّب فرِشتہ کی آواز
اور خُدا کے نرسنگے کے ساتھ اُتر آئے گا اور پہلے تو وہ جو مسیح
میں مُوئے جی اُٹھیں گے۔ پھر ہم جو زندہ باقی ہوں گے۔ اُن
کے ساتھ بادلوں پر اُٹھائے جائیں گے۔ تاکہ ہوا میں خُداوند کا
اِستقبال کریں اور اِس طرح ہمیشہ خُداوند کے ساتھ رہیں گے۔

۱۔ تھسلنیکیوں ۴: ۱۶، ۱۷

جب وہ ظاہر ہوگا تو ہم بھی اُس کی مانند ہوں گے کیونکہ
اُس کو ویسا ہی دیکھیں گے جیسا وہ ہے۔ ۱۔ یوحنّا ۳: ۲

پس جاگتے رہو۔ کیونکہ تُم نہیں جانتے کہ تمہارا خُداوند کس



دِن آئے گا۔ تُم بھی تیّار رہو کیونکہ جس گھڑی تُم کو گُمان بھی نہ ہوگا
اِبنِ آدم (یعنی یسُوع مسیح) آجائے گا۔ متّی ۲۴: ۴۲، ۴۴

دیکھ مَیں جلد آنے والا ہُوں اور ہر ایک کے کام کے
مُوافق دینے کے لِئے اَجر میرے پاس ہے۔ مُکاشفہ ۲۲: ۱۲

آمین۔ اَے خُداوند یسُوعؔ آ۔ مُکاشفہ ۲۲: ۲۰

اِس کِتابچہ میں بائبل مُقدّس یعنی خُدا کے کلام کے صرف

چند حوالے دِیئے گئے ہیں

آپ سے درخواست کی جاتی ہے کہ آپ مکمّل

بائبل کا مُطالعہ کریں۔ یہ الٰہی سچّائی کا مُکاشفہ ہے